9 کلومیٹر شیخوپورہ روڈ، شاہدرہ، لاہور

فون:(25-37911021-042) UAN 111-200-786

# اطلاع برائے عبوری منافع منقسمہ برائے سال 2025 اور شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

ملّت ٹریکٹرز لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے 203ویں اجلاس منعقدہ 19 فروری، 2025 میں عبوری نقد منافع منقسمہ بشرح 45 روپے فی شیئر (یعنی 450 فی صد) کا اعلان کیا ہے۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 05 مارچ، 2025 تا 07 مارچ، 2025 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفر کی درخواستیں جو ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، کو 04 مارچ، 2025 کے دن کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہو جائیں گی انہیں مذکورہ بالا عبوری نقد منافع منقسمہ کے استحقاق کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

## نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرانک ادائیگی (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈیویڈنڈ ڈسٹری بیوشن) ریگولیشنز 2017 کے تحت لسٹڈ کمپنی کا کوئی بھی قابلِ ادا ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرونک ٹرانسفر کے ذریعے براہِ راست بینک اکاؤنٹ میں ٹرانسفر ہوگا۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ بینک مینڈیٹ کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔

اس بارے میں ملّت ٹریکٹرز لمیٹڈ نے شیئر ہولڈرز کو بنک مینڈیٹ کی فراہمی پر عمل کرنے کے لیئے پہلے بھی متعدد نوٹسز جاری کیے ہیں۔

تمام ایسے شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک (IBAN) اور قومی شناختی کارڈ کی تفصیلات نہیں دیں ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ بینک مینڈیٹ کی تفصیلات بمعہ انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) درست قومی شناختی کارڈ کی کاپی، موبائل نمبر کے ساتھ فوری مہیا کریں۔ بینک مینڈیٹ بمعہ (IBAN) مہیا نہ کرنے کی صورت میں SECP کی ہدایت کے مطابق کیش ڈیویڈنڈ روک لیا جائے گا۔

اس سلسلہ میں CDC شیئر ہولڈرز، CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا بروکرز کو اپنے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات بمع IBAN مہیا کر سکتے ہیں۔ فزیکل ہولڈنگ کی صورت میں شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے اکاؤنٹ مینڈیٹ کی تفصیلات بمعہ (IBAN) شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

## ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے تحت گراس ڈیویڈنڈ کی رقم پر ایف بی آر نے انکم ٹیکس کے مختلف ریٹس مقرر کیے ہیں وہ افراد جن کا نام حساب کی تاریخ کے دن ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں شامل ہے 15 فیصد اور وہ افراد جن کا نام حساب کی تاریخ کے دن ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں شامل نہیں ہے 30 فیصد، مزید جوائنٹ حصہ داران کی صورت میں ٹیکس کی کٹوتی حصہ داران کی علیحدہ علیحدہ فراہم کردہ شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر ہوگی ورنہ ان کے حصص پر کٹوتی برابری کی بنیاد پر ہوگی۔

وہ شیئر ہولڈرز جن کے پاس شیئرز فزیکل فارم میں ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر انہوں نے پہلے زکوۃ کٹوتی فارم (Form50-CZ) جمع نہیں کرایا تو براہ کرم یہ فارم کمپنی کے رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو جمع کرائیں۔

وہ شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز سی ڈی سی (CDC) میں ہیں، ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے ایڈریس اور زکوۃ کی حیثیت کو اپنے متعلقہ شرکاء (Participants) کے پاس اپ ڈیٹ کروائیں۔ اس سے ڈیویڈنڈ کی بروقت وصولی میں مدد ملے گی۔

## قومی شناختی کارڈ جمع کروانا (لازمی)

مطلع کیا جاتا ہے کہ SECP کی ہدایت کے مطابق شیئر ہولڈرز جن کے شناختی کارڈز شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ان کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دی گی ہے۔

-SD-

محمد فیصل عظیم

(کمپنی سیکرٹری)

لاہور

21 فروری، 2025